

# سنگل ممبر کمپنی گائیڈ

SEC

سیکوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن
آف پاکستان

# چیئرمین کا پیغام

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کچھ عرصہ قبل سرمایہ کاروں کی رہنمائی کیلئے پاکستان کے مالیاتی شعبے کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں رہنما کتابچوں کی اشاعت کا سلسلہ شروع کیا ہے، زیرِ نظر کتابچہ اس کی ایک کڑی ہے۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے سنگل ممبر (فرد واحد) کمپنیز کے رولز مجریہ 2003ء کے اعلان و اجراء کے بعد ملک میں فرد واحد کی کل ملکیت کے کاروبار کو بھی ایک کمپنی کی صورت دینا ممکن ہو گیا ہے۔ اور اس طرح ملکی معیشت میں کمپنیوں کے فروغ کا ایک نیا راستہ کھل گیا ہے۔

پاکستان ترقی پذیر اور ایشیائی ممالک میں پہلا ملک ہے، جس نے فرد واحد کے کاروبار کو سنگل ممبر کمپنی کی حیثیت دینے کے تصور کو اپنایا ہے، جسے فرد واحد کسی کی مداخلت کے بغیر اپنی مرضی کے مطابق، تھوڑے اور با کفایت خرچ کے ساتھ چلا سکتا ہے۔ اس تصور کو عالمی اقتصادی میدان میں یورپی یونین نے 1992ء میں متعارف کروایا تھا۔ اس کیلئے یورپی اقتصادی برادری کے ممالک اور امریکہ کی بعض ریاستوں کے علاوہ پاکستان نے اپنے کارپوریٹ قوانین میں اس انداز میں ترامیم کی ہیں، کہ سنگل ممبر (فرد واحد) بھی اپنے کاروبار کو کمپنی محدود بہ حصص کی صورت دے کر وہ تمام مراعات اور مفادات حاصل کر سکتا ہے جو کارپوریٹ سیکٹر کو حاصل ہیں، جبکہ اس کے کاروبار کو "قانونی تشخص" حاصل ہو جانے سے اس کے ذاتی اثاثے محفوظ ہو جاتے ہیں اور بعض ادائیگیوں پر ٹیکس کی چھوٹ کی سہولت بھی حاصل ہوتی ہے۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے سنگل ممبر (فرد واحد) کمپنیز رولز کی تیاری میں فرد واحد کے کاروبار کے تمام عملی پہلوؤں کو مدِ نظر رکھا ہے، اسی لیے انہیں عام فہم رکھا گیا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ ان سے استفادہ کر سکیں۔ پاکستان میں اب تک بہت سی سنگل ممبر کمپنیاں تشکیل پا چکی ہیں یہاں اس امر کا ذکر بے جا نہ ہوگا کہ کمیشن نے سینٹرل بورڈ آف ریونیو سے سفارش کی ہے کہ سنگل ممبر (فرد واحد) کمپنی کو "انفرادی" ٹیکس دہندہ کی طرح مراعات دی جائیں۔

توقع ہے کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کی طرف سے سنگل ممبر کمپنیوں کی تشکیل کے بارے میں فیصلہ ملک میں ادارہ جاتی کاروبار کے فروغ اور ملکی معیشت کے لئے مثبت پیش رفت ثابت ہوگا۔

طارق حسن

**چیئرمین**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان

# سنگل ممبر کمپنی گائیڈ

## 1- سنگل ممبر (فرد واحد) کمپنی کیا ہے؟

1.1 ایسی پرائیویٹ کمپنی جسے کسی فرد نے سنگل ممبر کمپنی کے قواعد مجریہ 2003ء کے تحت بطور سنگل ممبر کمپنی رجسٹر کرایا ہو یا پرائیویٹ کمپنی کو جسے سنگل ممبر کمپنیز رولز کے تحت سنگل ممبر کمپنی میں تبدیل کیا گیا ہو۔

1.2 سنگل ممبر (فرد واحد) کمپنی، اپنے حصص خریدنے کیلئے عوام کو دعوت نہیں دے سکتی۔

1.3 سنگل ممبر کمپنی کے کسی حصہ یا حصص کو دو یا دو سے زائد افراد کے نام، انفرادی یا مشترکہ ملکیت کے طور پر رجسٹر نہیں کرایا جا سکتا۔

1.4 سنگل ممبر کمپنی کی رکنیت سنگل ممبر یعنی صرف ایک ممبر تک محدود ہوتی ہے۔

1.5 سنگل ممبر کمپنی پر کمپنیز آرڈیننس کے تحت بنائے گئے قوانین اور قواعد وضوابط اسی طرح لاگو ہوتے ہیں۔ جس طرح ان کا اطلاق کسی ایسی پرائیویٹ کمپنی پر ہوتا ہے، جسے دو یا دو سے زائد افراد نے تشکیل دیا ہو یا جس کے ارکان کی تعداد دو یا دو سے زیادہ ہو۔

## 2- سنگل ممبر کمپنی کی تشکیل کا طریقہ کیا ہے؟

2.1 کوئی بھی فرد واحد، کمپنیز آرڈیننس مجریہ 1984ء اور سنگل ممبر کمپنیز قواعد مجریہ 2003ء کی شرائط کے مطابق سنگل ممبر (فرد واحد) کمپنی تشکیل دے سکتا ہے۔

2.2 سنگل ممبر کمپنی کی تشکیل کے وقت کمپنی کا بانی متعلقہ رجسٹرار کو کمپنی کی رجسٹریشن کے لئے جو درخواست دے گا اس کے ساتھ وہ تمام دستاویزات پیش کرے گا جو کمپنیز آرڈیننس کے تحت ایک پرائیویٹ کمپنی کی رجسٹریشن کے لئے پیش کرنا ضروری ہیں، اس کے علاوہ منسلک

فارم ایس 1 داخل کرائے گا، جس پر کم از کم دو افراد کو نامزد کرے گا جو اس کی وفات پر بطور نامزد ڈائریکٹر یا متبادل نامزد ڈائریکٹر کام کریں گے۔ لیکن کمپنی سیکریٹری کو اس مقصد کے لئے نامزد نہیں کیا جا سکتا۔

2.3 سنگل ممبر کمپنی یا تو سنگل ممبر کی حیثیت سے تشکیل دی جا سکتی ہے یا کسی پرائیویٹ کمپنی کو ان رولز کے مطابق سنگل ممبر کمپنی میں تبدیل کیا جا سکتا ہے، واضح رہے اگر کوئی پرائیویٹ کمپنی اپنے ممبران کی تعداد گھٹا کر ایک کر لیتی ہے لیکن ان رولز پر عمل نہیں کرتی تو وہ کمپنیز آرڈیننس کی خلاف ورزی کرتی ہے اور اس کی انتظامیہ مستوجب سزا ٹھہرتی ہے، اور وہ از خود سنگل ممبر کمپنی کی حیثیت اختیار نہیں کر سکتی۔

2.4 کسی بھی پرائیویٹ کمپنی کو قواعد کے مطابق سنگل ممبر کمپنی میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ اس کیلئے طریق کار پوری تفصیل کے ساتھ پیراگراف 8 میں دیا گیا ہے۔

## 3- سنگل ممبر کمپنی کے فوائد کیا ہیں؟

سنگل ممبر کمپنی کو وہ تمام مراعات اور حقوق حاصل ہیں جو کمپنیز آرڈیننس کے تحت دوسرے کارپوریٹ اداروں کو میسر ہیں جیسے:

3.1 سنگل ممبر کمپنی کو سنگل ممبر (فرد واحد) سے الگ ایک قانونی تشخص حاصل ہو جاتا ہے۔

3.2 سنگل ممبر (فرد واحد) کمپنی اپنے نام پر منقولہ وغیر منقولہ جائیداد رکھ سکتی ہے۔

3.3 سنگل ممبر (فرد واحد) کی مالی اور قانونی ذمہ داریاں محدود ہو جاتی ہیں۔

3.4 کمپنی لمبے عرصے تک قائم رہتی ہے اور اسے دائمی جانشینی کا حق حاصل ہوتا ہے۔

3.5 کمپنی کو ایک ٹھوس اور مضبوط انتظامی ڈھانچہ اور واضح قانونی فریم ورک مہیا ہو جاتا ہے۔

3.6 کمپنی دستاویزاتی کاروباری شعبے کا حصہ بن جاتی ہے۔

3.7 سنگل ممبر (فرد واحد) کمپنی کو سادہ ریکارڈ رکھنے کی سہولت ہوتی ہے، کیونکہ سنگل ممبر ہونے کی

وجہ سے اندرونی پیچیدگی نہیں ہوتی۔

3.8 سنگل ممبر کمپنی کی ذمہ داری اور احتساب کے عمل میں شمولیت سے کمپنی کی ساکھ اور اعتبار میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

3.9 کمپنی اور سنگل ممبر (فرد واحد) کے درمیان پرنسپل اور ایجنٹ کے روابط قائم ہو سکتے ہیں۔

3.10 کمپنی کی ملکیت یا حصص کو با آسانی منتقل کیا جا سکتا ہے جو دوسری تنظیمی صورتوں میں مشکل ہوتا ہے۔

3.11 سنگل ممبر (فرد واحد) کمپنی کو چونکہ الگ قانونی تشخص حاصل ہوتا ہے اس لئے وہ بالواسطہ سنگل ممبر کے ذاتی اثاثوں کی حفاظت کرتی ہے۔

3.12 کمپنی کو بعض ادائیگیوں پر ٹیکس میں رعایت مل جاتی ہے مثلاً دوسرے کارپوریٹ اداروں کی طرح سنگل ممبر کمپنی کو بھی انشورنس، لیز، کرایہ اور بعض دوسرے اخراجات پر منہائی ٹیکس کی رعایت حاصل ہے۔

## 4- کیا سنگل ممبر کمپنی کے حصص یا سرمایہ میں اضافہ ہو سکتا ہے؟

سنگل ممبر (فرد واحد) کمپنی بھی چونکہ قانونی طور پر محدود بہ حصص کمپنی ہوتی ہے اس لئے کمپنیز آرڈیننس کی دفعات 92,73 اور 94 میں دیئے گئے طریق کار کے مطابق اپنے منظور شدہ اور ادا شدہ سرمایہ حصص میں اضافہ کر سکتی ہے۔

## 5- کیا سنگل ممبر کمپنی کے ایک سے زیادہ ڈائریکٹر ہو سکتے ہیں؟

سنگل ممبر (فرد واحد) کمپنی اپنے سنگل ممبر ڈائریکٹر کے علاوہ ورکنگ ڈائریکٹر بھی رکھ سکتی ہے علاوہ ازیں چیف ایگزیکٹو کا ممبر ہونا بھی ضروری نہیں ہوتا اور وہ بحیثیت عہدہ ڈائریکٹر کا درجہ رکھتا ہے۔ اس لئے سنگل ممبر کمپنی کے ایک سے زیادہ ڈائریکٹرز بھی ہو سکتے ہیں۔

## 6- کمپنی کے حصص سرٹیفکیٹ کون اور کب جاری کرے گا؟

6.1 سنگل ممبر (فرد واحد) کمپنی کے حصص سرٹیفکیٹ کمپنی کی مہر سے جاری ہونگے اور ان پر ممبر

ڈائریکٹر دستخط کریگا۔ اس کے وفات پا جانے پر حصص کو نامزد ڈائریکٹر اور سیکریٹری قانونی وراثت کے مطابق ورثا کے نام پر منتقل کرائیں گے اور ان کے سرٹیفکیٹ پر دستخط کریں گے۔

6.2 ایسا شخص، جس کا نام رجسٹر حصص داران میں بطور ممبر درج ہو جائے، حصص کے جاری ہونے کے بعد نوے دن یا حصص کی منتقلی کی رجسٹریشن کی درخواست دینے کے بعد پینتالیس دن کے اندر، کسی ادائیگی کے بغیر حصص سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کا مجاز ہو جاتا ہے۔ جس میں اس کے حصص کی تصریح ہوگی۔

## 7- کیا سنگل ممبر کمپنی کے حصص کی منتقلی یا فروخت ممکن ہے؟

7.1 سنگل ممبر (فرد واحد) کمپنی کا ممبر ایک قرارداد کی منظوری کے ذریعے اختیار حاصل کرنے کے بعد اپنے تمام حصص کسی ایک فرد کو فروخت یا منتقل کر سکتا ہے۔

7.2 حصص کی منتقلی یا قانونی انتقال کمپنیز آرڈیننس کی دفعات 74 تا 81 کے مطابق عمل میں آئے گا۔

7.3 سنگل ممبر (فرد واحد) کمپنی کے تمام حصص یا ان کا کوئی جزو دو یا زائد افراد کو اسی صورت منتقل ہو سکتے ہیں جب کمپنی کو ایک خصوصی قرارداد کے ذریعہ پرائیویٹ کمپنی میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا جائے اور کمپنی کے قواعد میں اس کے مطابق تبدیلی لائی جائے۔ البتہ حصص فرد واحد کو منتقل کیے جائیں تو کمپنی سنگل ممبر ہی رہے گی۔

7.4 سنگل ممبر کمپنی کے پرائیویٹ کمپنی میں تبدیل ہو جانے پر رجسٹر حصہ داران میں اس عمل کا اندراج تبدیلی کی تاریخ اور ممبران کے مکمل کوائف سمیت کیا جائیگا۔

## 8- کسی پرائیویٹ کمپنی کو سنگل ممبر کمپنی میں کس طرح تبدیل کیا جا سکتا ہے؟

کسی بھی پرائیویٹ کمپنی کو قواعد کے مطابق سنگل ممبر کمپنی کی حیثیت دینے کے لئے درج ذیل اقدامات

کرنا ضروری ہیں۔

8.1 پرائیویٹ کمپنی کے ارکان کمپنی کو سنگل ممبر (فرد واحد) کمپنی کی حیثیت دینے کے لئے ایک خصوصی قرارداد منظور کریں گے اور کمپنی آرٹیکلز میں بھی اس کے مطابق ردوبدل کیا جائے گا۔

8.2 سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان سے کمپنی کی حیثیت میں تبدیلی کیلئے اجازت حاصل کی جائیگی۔ اس مقصد کے لئے کمیشن کو خصوصی قرارداد کی منظوری کے بعد تیس دن کے اندر درخواست دی جائے گی جو سنگل ممبر کمپنی کے قواعد مجریہ 2003ء سے منسلکہ فارم ایس 4 پر ہوگی۔

8.3 کمیشن کمپنی کی حیثیت میں تبدیلی کی درخواست ملنے پر اپنے اطمینان کے لئے درخواست دہندہ سے مزید تفصیلات طلب کرسکتا ہے اور منظوری دیتے ہوئے ایسی شرائط لگا سکتا ہے، جنہیں وہ مناسب خیال کرتا ہے۔

8.4 کمیشن سے کمپنی کی حیثیت میں تبدیلی کی اجازت مل جانے پر کمپنی کے تمام حصص پندرہ دن کے اندر سنگل ممبر کے نام منتقل کردیئے جائیں گے۔

8.5 حصص کی منتقلی سے ڈائریکٹروں کے بورڈ میں جو تبدیلی آئیگی۔ اس کی اطلاع رجسٹرار کو حصص منتقل کئے جانے کی تاریخ سے چودہ دن کے اندر کمپنیز (جنرل پرویژنز اینڈ فارمز) رولز مجریہ 1985ء کے تحت فارم 29 پر دی جائے گی۔

8.6 متعلقہ رجسٹرار کو کمپنی کی حیثیت میں تبدیلی کی اطلاع کمیشن کے اجازت نامہ کی مصدقہ نقل سمیت سنگل ممبر کمپنی کے رولز سے منسلکہ فارم ایس-5 پر پندرہ دن کے اندر دی جائیگی اور اس کے ساتھ منسلکہ فارم ایس 1 پر نامزد ڈائریکٹروں کے کوائف بھی بھیجے جائیں گے۔

## 9- کیا سنگل ممبر کمپنی کی حیثیت میں تبدیلی ممکن ہے؟

کسی بھی سنگل ممبر کمپنی کو قواعد کے مطابق نئی رنگی پرائیویٹ کمپنی میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ اس کی درج

ذیل صورتیں ممکن ہیں۔

9.1 سنگل ممبر کمپنی کو حصص کی منتقلی یا نئے حصص کی الاٹمنٹ کے ذریعے پرائیویٹ کمپنی میں تبدیل کیا جاسکتا ہے جس کے لئے مندرجہ ذیل طریق کار پر عمل کرنا ہوگا۔

(الف) سنگل ممبر کمپنی کو پرائیویٹ کمپنی میں تبدیل کرنے کے لئے خصوصی قرارداد منظور کی جائے گی۔ خصوصی قرارداد کے تحت حصص کی منتقلی یا نئے حصص کی الاٹمنٹ سے تیس دن کے اندر کمپنی کے آرٹیکلز میں اس کے مطابق تبدیلی کی جائے گی۔

(ب) خصوصی قرارداد کی منظوری سے پندرہ دن کے اندر کمپنیز آرڈیننس کی دفعہ (174)(1)(بی) کے مطابق ایک یا زائد ایڈیشنل ڈائریکٹروں کا تقرر یا انتخاب کیا جائیگا۔

(پ) نئے ڈائریکٹروں کی تقرری/انتخاب سے چودہ دن کے اندر فارم 29 پر ان کے کوائف کمیشن کو مہیا کرنے ہونگے۔

9.2 سنگل ممبر کمپنی کو قانونی یا عدالتی عمل کے ذریعے بھی کئی رکنی پرائیویٹ کمپنی میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ ایسی صورت میں:۔

(الف) عدالت یا کسی دوسری مجاز اتھارٹی کے حکم پر عمل درآمد کرتے ہوئے کمپنی کے حصص سات دن کے اندر متعلقہ افراد کے نام منتقل کیے جائیں گے۔

(ب) حصص کی منتقلی سے تیس دن کے اندر سنگل ممبر (فرد واحد) کمپنی کو کئی رکنی پرائیویٹ کمپنی میں تبدیل کرنے کے لئے ایک خصوصی قرارداد منظور کی جائیگی اور کمپنی کے آرٹیکلز میں اس کے مطابق تبدیلیاں کی جائیں گی۔

(ج) خصوصی قرارداد کی منظوری سے پندرہ دن کے اندر کمپنی کے ایڈیشنل ڈائریکٹر یا ڈائریکٹروں کا تقرر/انتخاب کیا جائے گا۔

(د) نئے ڈائریکٹروں کی تقرری یا انتخاب کے چودہ دن کے اندر ان کے کوائف فارم 29 پر کمیشن کو مہیا کیے جائیں گے۔

9.3 سنگل ممبر کمپنی کے سنگل ممبر کے وفات پا جانے پر اس کے قانونی ورثا، کمپنی کو کئی رکنی پرائیویٹ کمپنی میں تبدیل کر سکتے ہیں اور کمپنیز آرڈیننس کے مطابق اسے تحلیل بھی کر سکتے ہیں۔

## 10 سنگل ممبر کے قانونی ورثا، کمپنی کو کس طرح قائم رکھ سکتے ہیں؟

10.1 سنگل ممبر کی وفات پر اس کے قانونی ورثا، ایک سے زیادہ ہوں تو کمپنی کو کئی رکنی پرائیویٹ کمپنی کے طور پر قائم رکھ سکتے ہیں۔ ایسی صورت میں کمپنی کے حصص کی قانونی ورثا، کو منتقلی تک کمپنی کے معاملات سنگل ممبر کمپنی کا نامزد ڈائریکٹر چلائیگا۔

10.2 نامزد ڈائریکٹر سات دن کے اندر منسلکہ فارم ایس-3 پر متعلقہ رجسٹرار کو سنگل ممبر کی وفات کی اطلاع دیگا، اس کے قانونی ورثا، کے بارے میں تفصیلات مہیا کرے گا اور اسے اپنی ذمہ داریوں کو نبھانے کی راہ میں کوئی مشکل درپیش ہو تو اس بارے میں خبر دے گا تاکہ رجسٹرار ضروری رہنمائی کر سکے۔

10.3 نامزد ڈائریکٹر کمپنی کے حصص قانونی ورثا، کو منتقل کریگا۔

10.4 نامزد ڈائریکٹر کمپنی کا عام اجلاس بلائیگا، جس میں کمپنیز آرڈیننس کی دفعہ 174 (1) (بی) کے مطابق کمپنی ڈائریکٹروں کا انتخاب عمل میں لایا جائے اور کمپنی قواعد میں ردوبدل کیا جائے گا۔

10.5 نامزد ڈائریکٹر کو حصص میں منتقلی یا اجلاس کے انعقاد یا ڈائریکٹروں کے انتخاب میں یا کسی اور وجہ سے مشکلات اور رکاوٹوں کا سامنا ہو تو وہ متعلقہ رجسٹرار کو اطلاع دے گا۔ رجسٹرار مشکلات کا ازالہ کرنے کے لئے خود سنگل ممبر کے ورثاء کا اجلاس طلب کرے گا اور ڈائریکٹروں کے انتخاب اور کمپنی آرٹیکلز میں ردوبدل کے لئے ضروری اور مناسب اقدامات کرے گا۔

10.6 نامزد ڈائریکٹر کی عدم دستیابی کی صورت میں درج بالا تمام ذمہ داریاں متبادل نامزد ڈائریکٹر انجام دے گا۔

## 11- سنگل ممبر کمپنی کے اجلاس کس طرح منعقد ہونگے؟

کمپنیز آرڈیننس یا اس کے تحت بنائے گئے قواعد وضوابط اور کمپنی آرٹیکلز کے مطابق اگر کسی امر کے بارے میں کمپنی ڈائریکٹروں/ممبروں کا اجلاس بلانا یا فیصلہ کرنا یا قرارداد منظور کرنا ضروری قرار دیا گیا ہو تو کمپنی کے سنگل ممبر یا ڈائریکٹر کے فیصلے ہی کو حتمی سمجھا جائے گا بشرطیکہ اس نے یہ فیصلہ تحریری طور پر اور کمپنیز آرڈیننس کی دفعات کے مطابق کیا ہو اور اس کا اندراج رجسٹر کارروائی میں کیا گیا ہو۔

## 12- سنگل ممبر کمپنی میں سیکریٹری کی حیثیت و اہمیت کیا ہے؟

12.1 سنگل ممبر کمپنی کے لئے بھی سیکریٹری کا تقرر کارپوریٹ سیکٹر کے دوسرے اداروں کی طرح لازمی ہے، کیونکہ سنگل ممبر کمپنی میں سیکریٹری کا کردار بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔ اس کے فرائض، حقوق اور اختیارات بھی وہی ہیں جن کی کمپنیز آرڈیننس میں وضاحت کی گئی ہے۔ سیکریٹری نہ صرف کمپنی کے ہر اجلاس میں شرکت کرے گا بلکہ سنگل ممبر کے ہر تحریری فیصلے کے وقت اس کا موجود ہونا ضروری ہے۔ تاکہ رجسٹر کارروائی میں شرکاء اجلاس کے ناموں سمیت اجلاس کی روداد اور فیصلوں کا دیانتدارانہ خلاصہ درج کرسکے لیکن وہ کسی فیصلے کی تردید یا تائید کرنے نیز کسی معاملے پر اظہار خیال کرنے کا مجاز نہیں ہوگا۔ اور اسے کسی بھی قسم کے ووٹ کا حق نہ ہوگا۔

12.2 سیکریٹری کا تقرر سنگل ممبر کمپنی کی تشکیل یا پرائیویٹ کمپنی سے سنگل ممبر کمپنی کی حیثیت اختیار کرنے یا بعد ازاں استعفیٰ یا برخاستگی یا انتقال کی صورت میں پندرہ دن کے اندر کیا جانا ضروری ہے۔

12.3 کمپنی سیکریٹری کے عہدے پر مقرر کیے جانے والے شخص کے لیے لازم ہے کہ وہ گریجویٹ ہو۔

## 13 کیا سنگل ممبر کمپنی. سنگل ممبر کے ساتھ کوئی معاہدہ کر سکتی ہے؟

سنگل ممبر کمپنی کے قواعد میں کمپنی اور سنگل ممبر کے درمیان معاہدہ کی گنجائش اس لئے رکھی گئی ہے کیونکہ سنگل ممبر اور سنگل ممبر کمپنی کی الگ الگ قانونی حیثیت ہوتی ہے۔ کمپنی کی حیثیت پرنسپل کی ہوتی ہے اور ڈائریکٹر اس کی طرف سے بطور ایجنٹ کام کرتا ہے، جس کو کمپنی آرٹیکلز آرڈیننس کے تابع کاروبار چلانے کے اختیارات ہوتے ہیں۔ کمپنی اور سنگل ممبر معائدہ کر سکتے ہیں، لیکن یہ معائدہ تحریری ہونا چاہیے، اگر یہ معائدہ تحریری نہ ہو تو ان کی شرائط اور تفصیلات کو فوری طور پر قلمبند کرنا ہوگا اور معاہدہ کے بعد ہونے والے ڈائریکٹروں کے پہلے اجلاس کی کاروائی کا حصہ بنایا جائے گا۔

## 14- سنگل ممبر کمپنی کا نام کس طرح لکھا جائے گا؟

14.1 سنگل ممبر کمپنی بھی ایک پرائیویٹ کمپنی محدود بہ حصص ہوتی ہے اس لئے اس کے نام کے آخر میں "(ایس ایم سی-پرائیویٹ) لمیٹڈ" کے الفاظ درج کئے جائیں گے اور واوین، الفاظ، قوسین اور نشان ربط (-) کمپنی کے نام کا حصہ ہونگے۔

14.2 سنگل ممبر کمپنی کے پرائیویٹ کمپنی کی حیثیت اختیار کرنے پر "ایس ایم سی۔" کے حروف اور نشان ربط کمپنی کے نام سے حذف کر دیے جائیں گے۔

## 15 کیا سنگل ممبر کمپنی کے لئے بھی آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن ضروری ہیں؟

کسی بھی کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن (قواعد شراکت) اس کے ذیلی قوانین یا قواعد وضوابط ہوتے ہیں، جن کے مطابق اس کے داخلی امور کا انتظام وانصرام چلایا جاتا ہے۔ نیز کمپنی انہی کے ذریعہ منضبط ہوتی ہے اور اپنے اندرونی معاملات چلاتی ہے۔ اس لئے سنگل ممبر کمپنی کے لیے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن ضروری قرار دیے گئے ہیں۔ سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے سنگل ممبر کمپنی کے رولز مجریہ 2003ء کے ساتھ منسلکہ فارم ایس-8 میں نمونہ کے آرٹیکلز بھی جاری کیے ہیں جنہیں کوئی بھی کمپنی بطور آرٹیکلز اختیار کر سکتی ہے، یا پھر انہیں معمولی رد و بدل کے ساتھ اپنا سکتی ہے۔